LEVI STRAUSS & CO.

سپلائرز کا ضابطۂ اخلاق

آخری اپ ڈیٹ 2026

فہرست

01 تعارف 03

ہمارا عزم · یہ کوڈ کن پر لاگو ہوتا ہے · تقاضے کیسے لاگو ہوتے ہیں · ہمارے معیارات کی بنیاد · مل کر کام کرنا · ہمارے کنٹریکٹس سے تعلق

02 گورننس گائیڈ لائنز 05

اخلاقی معیارات · رشوت اور کرپشن · تجارتی پابندیاں اور ایکسپورٹ کنٹرولز · مفادات کا ٹکراؤ · منصفانہ مقابلہ · شفافیت اور معلومات کی فراہمی · ڈیٹا کا تحفظ · ذمہ دارانہ سورسنگ اور ٹریس ایبلٹی · اصلاحی اقدامات · کمیونٹی سے رابطہ اور شمولیت · صلاحیت میں اضافہ، رابطہ اور عمل درآمد

03 لیبر گائیڈ لائنز 09

بچوں سے مزدوری · جبری مشقت اور جدید غلامی · تادیبی کارروائی · امتیازی سلوک · انتقامی کارروائی سے تحفظ اور شکایت کا نظام · کام کے اوقات · تنخواہ اور مراعات · تنظیم سازی کی آزادی · صحت اور حفاظت · ملازمین کی فلاح و بہبود

04 ماحولیاتی گائیڈ لائنز 13

ماحولیاتی قوانین کی پابندی · ویسٹ مینجمنٹ · پانی کا استعمال اور گندے پانی کی مینجمنٹ · فضائی اور گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کی مینجمنٹ · کیمیکل مینجمنٹ · سرکلیرٹی اور کلوزڈ لوپ پروڈکشن · مینوفیکچرنگ سپلائرز کے لیے اضافی تقاضے

05 ہم سے رابطہ کریں 15

شکایت کیسے کریں، رازداری کے ساتھ اور انتقامی کارروائی کے خوف کے بغیر

مینوفیکچرنگ سپلائرز

یہ ٹیگ اُن تقاضوں کی نشاندہی کرتا ہے جو صرف اُن وینڈرز، فیکٹریوں، سب کنٹریکٹرز، لائسنس ہولڈرز، ایجنٹس یا ملحقہ کمپنیوں پر لاگو ہوتے ہیں جو LS&Co. کے لیے پروڈکٹس تیار یا فنش کرتے ہیں۔

سیکشن 01

تعارف

سپلائرز کے ضابطۂ اخلاق میں کیا شامل ہے اور یہ کیسے لاگو ہوتا ہے

ہمارا عزم

Levi Strauss & Co. ‏(”.LS&Co“) کاروبار کو اعلیٰ ترین ذمہ داری کے ساتھ چلانے کے لیے پُرعزم ہے۔ .LS&Co سپلائرز کا ضابطۂ اخلاق (”SCoC“) ہمارے پورے کاروبار اور Supply Chain میں منصفانہ، محفوظ اور صحت مند ماحولِ کار اور ماحولیاتی ذمہ داری کے لیے ہمارے تقاضے بیان کرتا ہے۔

یہ کوڈ کن پر لاگو ہوتا ہے

SCoC اُن تمام سپلائرز پر لاگو ہوتا ہے جو .LS&Co کو اشیاء یا سروسز فراہم کرتے ہیں (جنہیں مجموعی طور پر ”سپلائرز“ کہا گیا ہے)، جن میں شامل ہیں:

- وینڈرز، فیکٹریاں، سب کنٹریکٹرز، لائسنس ہولڈرز، ایجنٹس یا ملحقہ کمپنیاں جو .LS&Co کے لیے پروڈکٹس تیار یا فنش کرتی ہیں (”مینوفیکچرنگ سپلائرز“)؛
- وہ سپلائرز جن سے .LS&Co اپنے استعمال کے لیے اشیاء اور/یا سروسز حاصل کرتا ہے، جن میں پروفیشنل سروسز فرمز، ریکروٹمنٹ یا مارکیٹنگ ایجنسیاں، اور لاجسٹکس، فیسلٹیز یا سیکیورٹی فراہم کرنے والے شامل ہیں، لیکن صرف یہی نہیں؛ اور
- دیگر تھرڈ پارٹیز جو .LS&Co کے لیے یا اس کی طرف سے کام کرتی ہیں۔

تقاضے کیسے لاگو ہوتے ہیں

سپلائرز کو ہمارے SCoC کے مطابق کام کرنا ہوگا۔ اگر مقامی یا قومی قوانین کے معیارات SCoC سے مختلف ہوں تو سپلائرز اُس معیار پر عمل کریں گے جو زیادہ اعلیٰ ہو۔

جو تقاضے "سپلائرز" کے لیے ہیں وہ تمام سپلائرز پر، اُن کی اشیاء یا سروسز کی نوعیت کے مطابق، لاگو ہوتے ہیں۔ جو تقاضے "مینوفیکچرنگ سپلائرز" کے لیے ہیں وہ صرف اُنہی پر لاگو ہوتے ہیں۔

ہمارے معیارات کی بنیاد

1991 میں Sourcing گائیڈ لائنز بنانے والی پہلی ملٹی نیشنل کمپنی بننے کے بعد سے، ہم نے بین الاقوامی بہترین طریقوں کے مطابق اپنی گائیڈ لائنز کو بہتر بنایا ہے تاکہ ہماری پروڈکٹس بنانے والے ورکرز کی زندگیوں کا تحفظ، احترام اور بہتری ہو، Sourcing کے ذمہ دارانہ فیصلے کیے جائیں اور ہمارے کاروباری مفادات محفوظ رہیں۔ ہمارا SCoC انسانی حقوق کے بین الاقوامی بل اور انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن (ILO) کے معیارات پر مبنی ہے، اور گارمنٹس اور فٹ ویئر سیکٹر میں ذمہ دار Supply Chains کے لیے OECD کی ڈیو ڈیلیجنس گائیڈنس سے بھی رہنمائی لیتا ہے۔

مل کر کام کرنا

SCoC دنیا بھر میں سپلائرز کے ساتھ ہمارے تعلقات کی رہنمائی کرتا ہے۔ ہم ایسے پارٹنرز چاہتے ہیں جو SCoC اور بین الاقوامی طور پر تسلیم شدہ لیبر معیارات کے مطابق اپنے ماحولیاتی اور سماجی طریقوں میں مسلسل بہتری کے لیے پُرعزم ہوں۔ ہم مل کر ایسے پائیدار حل تیار کرنا چاہتے ہیں جن سے .LS&Co کو اشیاء اور سروسز فراہم کرنے والے لوگوں اور ان سرگرمیوں سے متاثر ہونے والی کمیونٹیز کو فائدہ ہو۔ ہماری یہ بھی کوشش ہے کہ ہمارے خریداری کے طریقے سپلائرز کے لیے SCoC پر عمل کرنے میں رکاوٹ نہ بنیں۔

ہمارے کنٹریکٹس سے تعلق

SCoC سپلائرز کے ساتھ ہمارے کنٹریکٹس کی جگہ نہیں لیتا بلکہ ان میں اضافہ کرتا ہے؛ اگر دونوں میں کوئی ٹکراؤ ہو تو کنٹریکٹ کو ترجیح حاصل ہوگی۔

سیکشن 02

گورننس گائیڈ لائنز

اخلاقی، شفاف اور قانونی کاروباری طرزِ عمل کے بارے میں ہماری توقعات

اخلاقی معیارات

ہم ایسے سپلائرز کے ساتھ شراکت چاہتے ہیں جو اپنے آپ کو اور اپنے کاروبار کو ہمارے جیسے اخلاقی معیارات پر رکھیں۔ ہم اپنے ملازمین اور اُن تمام افراد کے بین الاقوامی طور پر تسلیم شدہ انسانی حقوق کا احترام کرتے ہیں جو .LS&Co کو فراہم کی جانے والی اشیاء اور سروسز میں شامل ہیں یا ان سے متاثر ہوتے ہیں۔

رشوت اور کرپشن

سپلائرز کو کرپشن اور منی لانڈرنگ کے خلاف تمام لاگو قوانین پر عمل کرنا ہوگا، جن میں امریکی فارن کرپٹ پریکٹسز ایکٹ (”FCPA“) بھی شامل ہے، اور جن جگہوں پر وہ کام کرتے ہیں وہاں لابنگ اور سیاسی مہمات کے لیے چندے سے متعلق قوانین پر بھی عمل کرنا ہوگا۔

سپلائرز اپنے کام اور کاروباری تعلقات میں ہر قسم کی رشوت، کرپشن، بھتہ خوری اور خورد بُرد پر پابندی لگائیں گے، جس میں کام نکلوانے کے لیے دی جانے والی رقم، یا کوئی ایسا تحفہ، مہمان نوازی یا فائدہ شامل ہے جس کا مقصد کسی کاروباری فیصلے پر غلط اثر ڈالنا یا ناجائز فائدہ حاصل کرنا ہو، یا جسے معقول طور پر ایسا سمجھا جا سکے۔

تجارتی پابندیاں اور ایکسپورٹ کنٹرولز

سپلائرز جہاں کام کرتے ہیں وہاں کی تمام لاگو تجارتی پابندیوں، ایکسپورٹ کنٹرول، کسٹمز اور امپورٹ/ایکسپورٹ قوانین پر عمل کریں گے۔ سپلائرز کوئی ایسا لین دین نہیں کریں گے جو اُن پر یا LS&Co. پر لاگو تجارتی قوانین کے تحت ممنوع ہو، اور اس بات کو یقینی بنانے کے لیے مناسب اقدامات کریں گے کہ اُن کے اپنے سپلائرز، سب کنٹریکٹرز اور کاروباری پارٹنرز بھی ایسا ہی کریں۔

اگر سپلائرز کو معلوم ہو کہ وہ خود یا اُن کی Value Chain میں کوئی فریق، LS&Co. کو فراہم کی جانے والی اشیاء یا سروسز سے متعلق تجارتی پابندیوں یا کسی متعلقہ پابندی کی زد میں ہے یا آ سکتا ہے، تو وہ فوری طور پر LS&Co. کو آگاہ کریں گے۔

مفادات کا ٹکراؤ

سپلائرز LS&Co. کے ساتھ اپنے معاملات میں کسی بھی حقیقی، ممکنہ یا ظاہری مفادات کے ٹکراؤ سے بچیں گے۔ مفادات کا ٹکراؤ ہر اُس صورت میں ہوتا ہے جب کسی سپلائر کی غیر جانبداری متاثر ہو، یا متاثر ہوتی نظر آئے، جس میں وہ صورت بھی شامل ہے جب کوئی ذاتی، خاندانی یا مالی تعلق LS&Co. سے متعلق کاروباری فیصلوں پر اثر ڈالے یا اثر ڈالتا نظر آئے۔ سپلائرز ایسے کسی بھی ٹکراؤ کو فوری طور پر LS&Co. کو بتائیں گے تاکہ اسے مناسب طریقے سے سنبھالا جا سکے۔

منصفانہ مقابلہ

سپلائرز کو منصفانہ مقابلہ کرنا ہوگا اور مسابقت اور اینٹی ٹرسٹ کے لاگو قوانین پر عمل کرنا ہوگا۔ سپلائرز ایسے معاہدے یا طریقے نہیں اپنائیں گے جو مقابلے کو محدود کریں، جیسے مل کر قیمتیں طے کرنا، مارکیٹ کی آپس میں تقسیم یا اپنی غالب پوزیشن کا غلط استعمال۔

شفافیت اور معلومات کی فراہمی

سپلائرز اپنی کاروباری سرگرمیوں کے بارے میں شفاف رہیں گے اور ان سرگرمیوں کا درست ریکارڈ رکھیں گے، جس میں لیبر، صحت و حفاظت اور ماحول سے متعلق ریکارڈ بھی شامل ہے۔ جب LS&Co.، ہماری طرف سے کام کرنے والی Third Party یا قانون تقاضا کرے، تو سپلائرز یہ معلومات فراہم کریں گے۔

ڈیٹا کا تحفظ

LS&Co. اپنے سپلائرز سے تقاضا کرتا ہے کہ وہ افراد کی ذاتی معلومات کا تحفظ کریں، جن میں LS&Co. کے صارفین، کسٹمرز اور ملازمین شامل ہیں۔ سپلائرز کو LS&Co. کی خفیہ معلومات کا بھی تحفظ کرنا ہوگا، اور اُن سے توقع ہے کہ وہ LS&Co. کو دی جانے والی سروسز کے دوران استعمال ہونے والی تمام معلومات کے تحفظ کے لیے مناسب تکنیکی، لاجیکل اور فزیکل کنٹرولز قائم رکھیں۔

سپلائرز اپنے کام پر لاگو ڈیٹا پرائیویسی، سائبر سیکیورٹی اور اسی طرح کے قوانین پر عمل کریں گے، اور خفیہ اور ذاتی معلومات کو صرف LS&Co. کی ہدایات کے مطابق استعمال کریں گے۔ سپلائرز کو سمجھنا چاہیے کہ LS&Co. کی خفیہ، ملکیتی یا ذاتی معلومات تک غیر مجاز رسائی، ان کا ضائع ہونا یا افشا ہونا LS&Co. اور افراد کے لیے نقصان دہ ہو سکتا ہے۔ اس لیے سپلائرز سے توقع ہے کہ ایسے کسی بھی واقعے کی فوری طور پر LS&Co. کو اطلاع دیں، اور اس سے پیدا ہونے والے خطرات یا اثرات کو کم کرنے کے لیے LS&Co. کے ساتھ مناسب تعاون کریں۔

سپلائرز کو سمجھنا ہوگا کہ LS&Co. کے خفیہ ڈیٹا کی حفاظت کی ذمہ داری مسلسل ہے اور اُس وقت تک قائم رہتی ہے جب تک سپلائرز کو اس معلومات کے کسی بھی حصے تک رسائی حاصل ہو۔

ذمہ دارانہ Sourcing اور ٹریس ایبلٹی

مینوفیکچرنگ سپلائرز

مینوفیکچرنگ سپلائرز اور LS&Co. اپنی سپلائی چینز کی جانچ پڑتال (due diligence) کریں گے تاکہ لیبر اور انسانی حقوق، صحت و حفاظت، ماحول، کاروباری اخلاقیات اور قانونی تعمیل سے متعلق خطرات کی نشاندہی، روک تھام اور کمی کی جا سکے۔ مینوفیکچرنگ سپلائرز کے پاس ان خطرات سے نمٹنے کے لیے سورسنگ پالیسی اور مینجمنٹ سسٹمز ہوں گے، وہ LS&Co. کے لیے تیار یا فنش کی جانے والی پروڈکٹس میں استعمال ہونے والے میٹیریل کے ذرائع کے بارے میں LS&Co. کے ساتھ شفاف رہیں گے، اور LS&Co. کی پیشگی تحریری منظوری کے بغیر LS&Co. کی پروڈکٹس کی تیاری کا کوئی حصہ سب کنٹریکٹ نہیں کریں گے۔

مینوفیکچرنگ سپلائرز اپنے سپلائرز کے سورسنگ سے متعلق دعووں کی، خام مال سے لے کر تیار پروڈکٹ تک، تصدیق کرنے کے قابل ہوں گے، اور درخواست پر میٹیریل اور اشیاء کے ذرائع کی دستاویزات بلا تاخیر فراہم کریں گے۔ وہ ان معیارات کے مطابق پالیسیاں بنائیں گے اور برقرار رکھیں گے اور اپنے ملازمین کو ان سے آگاہ کریں گے۔

اصلاحی اقدامات

مینوفیکچرنگ سپلائرز

مینوفیکچرنگ سپلائرز کو .LS&Co سپلائر کوڈ آف کنڈکٹ Implimentation گائیڈ بک پر عمل کرنا ہوگا، جس میں لاگو معیارات اور جانچ کا طریقہ تفصیل سے بیان کیا گیا ہے اور یہ ہماری ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔

اگر کوئی مینوفیکچرنگ سپلائر تقاضوں پر پورا نہ اترے، تو کاروباری تعلق برقرار رکھنے کے لیے ہم اُس سے تقاضا کرتے ہیں کہ وہ مقررہ مدت کے اندر اصلاحی ایکشن پلان پر عمل کرے اور اس پلان کے مطابق بہتری کا ثبوت دے۔ .LS&Co کو حق حاصل ہے کہ وہ کسی بھی ایسے مینوفیکچرنگ سپلائر کے ساتھ کنٹریکٹ ختم کر دے جو بہتری کا ثبوت نہ دے یا جس میں بار بار خلاف ورزیاں پائی جائیں۔

کمیونٹی سے رابطہ اور شمولیت

سپلائرز سے توقع ہے کہ وہ اپنے کام سے جڑے سماجی اور ماحولیاتی خطرات اور اثرات کی نشاندہی، جائزہ اور حل کریں، اور ایسے طریقے اپنائیں جو انسانی حقوق، ورکرز کی فلاح و بہبود، ماحول کی دیکھ بھال اور مقامی کمیونٹیز کے ساتھ مثبت رابطے کو فروغ دیں۔ .LS&Co ایسے سپلائرز کے ساتھ طویل مدتی شراکت چاہتا ہے جو قابلِ پیمائش اقدامات اور نتائج کے ذریعے شفافیت، جواب دہی اور مسلسل بہتری دکھائیں۔

صلاحیت میں اضافہ، رابطہ اور عمل درآمد

مینوفیکچرنگ سپلائرز

سپلائرز کے پاس اپنا کوڈ آف کنڈکٹ ہوگا، یا وہ اسے نافذ کریں گے، جس کے معیارات .LS&Co کے SCoC سے کم سخت نہ ہوں۔ سپلائرز سے توقع ہے کہ وہ ایسا طریقۂ کار بنائیں جس کے ذریعے اپنے سپلائرز کو بھی لاگو معیارات کا جواب دہ بنائیں۔

مینوفیکچرنگ سپلائرز اپنا کوڈ آف کنڈکٹ مناسب زبانوں میں آویزاں کریں گے تاکہ اُن کی فیکٹری کے ملازمین، کنٹریکٹرز اور آنے والے افراد، بشمول مقامی کمیونٹیز اور مائیگرنٹ ورکرز، اسے سمجھ سکیں، اور اسے مینجمنٹ اور موجودہ و نئے ملازمین کے ٹریننگ پروگرامز میں شامل کریں گے۔

سیکشن 03

لیبر گائیڈ لائنز

ورکرز کے حقوق، حفاظت اور عزتِ نفس کا تحفظ

بچوں سے مزدوری

TT1 سپلائرز 15 سال سے کم عمر، یا لازمی تعلیم کی عمر سے کم، جو بھی زیادہ ہو، کے ورکرز کو ملازم نہیں رکھیں گے۔ سپلائرز 18 سال سے کم عمر کسی بھی شخص سے خطرناک کام، یا ایسا کام نہیں لیں گے جو صحت، حفاظت یا اخلاق کو لاحق خطرات کی وجہ سے قانوناً ممنوع ہو۔ .LS&Co کم عمر افراد کے تعلیمی فائدے کے لیے کام کی جگہ پر جائز اپرنٹس شپ پروگرامز کی حمایت کرتا ہے۔

سپلائرز کم عمر ورکرز کی ملازمت سے متعلق تمام لاگو قانونی تقاضوں پر عمل کریں گے، جن میں کم از کم عمر، عمر کی تصدیق، کام کے اوقات اور خطرناک کام پر پابندیاں شامل ہیں۔ جہاں SCoC اور قانون میں فرق ہو، وہاں زیادہ اعلیٰ معیار لاگو ہوگا۔

جبری مشقت اور جدید غلامی

سپلائرز یقینی بنائیں گے کہ .LS&Co کے لیے کیا جانے والا تمام کام رضاکارانہ ہو، اس میں انسانی اسمگلنگ یا کسی بھی قسم کی جبری مشقت شامل نہ ہو، خاص طور پر جہاں کمزور افراد جیسے مائیگرنٹ ورکرز ملازم ہوں۔ ہمارے اپنے کام، ہمارے سپلائرز کے کام اور سب سپلائرز کے ساتھ معاہدوں میں ہر قسم کی جبری مشقت ممنوع ہے، جس میں غلامی، بانڈڈ لیبر (قرض کے بدلے مشقت)، معاہدے کے تحت غلامی، اسمگل شدہ افراد اور قیدیوں سے مشقت شامل ہیں۔

.LS&Co کسی ایسے سپلائر سے میٹیریل نہ استعمال کرے گا اور نہ خریدے گا جو جبری مشقت کرواتا پایا جائے۔ سپلائرز براہِ راست یا کسی تھرڈ پارٹی کے ذریعے ملازمین سے بھرتی کی فیس (ریکروٹمنٹ فیس) نہیں لیں گے۔

Slide 9

TT1 Not aligned with local Labour laws please review for Pakistan

Tazeem, Taha, 2026-10-18T15:55:14.067

تادیبی کارروائی

سپلائرز تمام ورکرز کے ساتھ عزت اور احترام سے پیش آئیں گے، اور کام کی جگہ پر ہراسانی، بدسلوکی، ذہنی یا جسمانی دباؤ، اور جنسی یا صنفی بنیاد پر تشدد کی روک تھام، حل اور ازالے کے لیے مؤثر اقدامات کریں گے۔

تادیبی اقدامات قانونی، منصفانہ، مناسب اور دستاویزی ہوں گے۔ سپلائرز سزا کے طور پر تنخواہ میں کٹوتی، جرمانے یا دیگر مالی سزائیں نہیں دیں گے، سوائے اس کے کہ قانون واضح طور پر اس کی اجازت دے اور یہ منصفانہ، شفاف اور بغیر دباؤ کے طریقے سے لاگو ہوں۔

امتیازی سلوک

.LS&Co ثقافتی فرق کو تسلیم کرتا ہے اور اس کا احترام کرتا ہے۔ ہمارا ماننا ہے کہ ورکرز کو ذاتی خصوصیات یا عقائد کے بجائے کام کرنے کی صلاحیت کی بنیاد پر ملازمت دی جائے۔

سپلائرز تمام ملازمین کے ساتھ عزت اور احترام سے پیش آئیں گے، چاہے اُن کی عمر، ذات، رنگ، معذوری، جنس، صنفی شناخت اور اظہار، جنسی رجحان، صحت کی حالت (بشمول HIV، ہیپاٹائٹس بی)، ازدواجی حیثیت، حمل، والدین ہونا، قومیت، سماجی، قومی یا نسلی پس منظر، مائیگرنٹ ورکر کی حیثیت، سیاسی رائے، نسل، مذہب، یونین سے وابستگی یا قومی، صوبائی یا مقامی قوانین کے تحت محفوظ کوئی اور خصوصیت کچھ بھی ہو۔

انتقامی کارروائی سے تحفظ اور شکایت کا نظام

سپلائرز شکایت کا ایسا نظام رکھیں گے جو آسانی سے دستیاب اور خفیہ ہو، تاکہ ورکرز انتقامی کارروائی کے خوف کے بغیر اپنے خدشات بیان کر سکیں یا کسی مشکوک غلط کام کی اطلاع دے سکیں۔ سپلائرز ہر اُس شخص کے خلاف کسی بھی قسم کی انتقامی کارروائی، دھمکی یا نقصان دہ اقدام پر پابندی لگائیں گے جو نیک نیتی سے کوئی خدشہ رپورٹ کرے، شکایت درج کرائے یا کسی انکوائری میں حصہ لے۔

سپلائرز موصول ہونے والی رپورٹس کی فوری اور غیر جانبدارانہ انکوائری کریں گے، انکوائری اور کسی بھی اصلاحی اقدام کا ریکارڈ رکھیں گے، اور .LS&Co، اس کے ملازمین یا SCoC سے متعلق کسی بھی معاملے کو .LS&Co تک پہنچائیں گے۔

کام کے اوقات

LS&Co. کام کے شیڈول میں لچک کی اجازت دیتا ہے اور کام کے اوقات کی مقامی قانونی حدود کی پابندی کرتا ہے۔ سپلائرز ان قانونی حدود سے تجاوز نہیں کریں گے، سوائے اوور ٹائم کے جس کا معاوضہ اضافی ریٹ پر یا کم از کم قانونی تقاضوں کے مطابق دیا جائے۔ تمام اوور ٹائم رضاکارانہ ہوگا، اور سپلائرز اوور ٹائم سے انکار کرنے والے ملازمین کو کوئی سزا نہیں دیں گے۔

LS&Co. ایسے پارٹنرز کو ترجیح دیتا ہے جن کے ہاں ریگولر اور اوور ٹائم ملا کر کام کے اوقات ہفتے میں ساٹھ گھنٹے سے زیادہ نہ ہوں، اور ایسے کنٹریکٹرز سے کام نہیں لے گا جو باقاعدگی سے ہفتے میں ساٹھ گھنٹے سے زیادہ کام کرواتے ہوں۔ ملازمین کو ہر سات دن میں کم از کم ایک دن کی چھٹی ملنی چاہیے۔ کام کے تمام حالات کم از کم تمام لاگو مقامی لیبر قوانین کے مطابق ہونے چاہییں۔

تنخواہ اور مراعات

سپلائرز ایسی تنخواہ اور مراعات دیں گے جو ہر لاگو قانون یا کنٹریکٹ کے مطابق ہوں اور مقامی مینوفیکچرنگ یا سروس فراہم کرنے والوں کے رائج طریقوں کے برابر یا ان سے بہتر ہوں، اور جن علاقوں میں لِونگ ویج (گزارے کے قابل اجرت) کے معیارات طے ہیں وہاں ان پر پورا اتریں۔ سپلائرز برابر قدر کے کام کے لیے تمام ورکرز کو برابر تنخواہ دیں گے، ہر اوور ٹائم کا معاوضہ قانونی یا کنٹریکٹ کے ریٹ پر دیں گے، اور درست تنخواہ بروقت ادا کریں گے۔

تنظیم سازی کی آزادی

LS&Co. ورکرز کے اس حق کا احترام کرتا ہے کہ وہ اپنی پسند کی تنظیمیں بنائیں، ان میں شامل ہوں اور اجتماعی طور پر مذاکرات (کلیکٹو بارگیننگ) کریں۔ سپلائرز آزادانہ تنظیم سازی اور اجتماعی مذاکرات کے حق کا، کسی غیر قانونی مداخلت کے بغیر، احترام کریں گے۔

سپلائرز کو یقینی بنانا چاہیے کہ جو ورکرز ایسے فیصلے کریں یا ایسی تنظیموں میں حصہ لیں اُن کے ساتھ امتیازی سلوک، ہراسانی یا سزا کے طور پر تادیبی کارروائی نہ ہو، اور ان تنظیموں کے نمائندوں کو مقامی قوانین یا آجر اور ورکرز کی تنظیموں کے باہمی معاہدے کے تحت طے شدہ شرائط کے مطابق اپنے ممبرز تک رسائی حاصل ہو۔

صحت اور حفاظت

سپلائرز صحت اور حفاظت سے متعلق تمام لاگو پرمٹس کا رجسٹر رکھیں گے، جن میں متعلقہ کاروباری اور آپریٹنگ پرمٹس، فائر سیفٹی اور الیکٹریکل سرٹیفکیٹس، بوائلرز، جنریٹرز، لفٹس، فیول اور کیمیکل اسٹوریج ٹینکس جیسے آلات کے پرمٹس، نیز بلڈنگ، ایمیشنز اور ویسٹ ڈسپوزل کے پرمٹس شامل ہیں۔

سپلائرز ورکرز کو کام کا، اور جہاں لاگو ہو رہائش کا، محفوظ اور صحت مند ماحول فراہم کریں گے، جس کے لیے وہ پہلے سے صحت اور حفاظت کے خطرات کی نشاندہی کریں گے اور حادثات یا چوٹ سے بچاؤ اور ایمرجنسی کی صورت میں مؤثر ردِعمل کے لیے پالیسیاں اور طریقۂ کار بنائیں گے اور برقرار رکھیں گے۔ اس میں شدید درجۂ حرارت اور کام کی جگہ کو متاثر کرنے والے بدلتے موسمی حالات سے پیدا ہونے والے پیشہ ورانہ صحت کے خطرات کی نشاندہی اور ان کا حل بھی شامل ہے۔

ملازمین کی فلاح و بہبود

LS&Co. سمجھتا ہے کہ ملازمین کی فلاح و بہبود اُنہیں جسمانی، ذہنی، جذباتی اور سماجی طور پر اپنی بہترین سطح پر یا اس کے قریب کام کرنے کے قابل بناتی ہے۔ سپلائرز کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ سوچیں کہ اُن کے اقدامات ورکرز اور مقامی کمیونٹیز پر کیا اثر ڈال سکتے ہیں، اور جہاں مناسب ہو مثبت نتائج کے لیے اقدامات شامل کریں۔

ہم ایسے سپلائرز کے ساتھ کام کرنا چاہتے ہیں جو ایسی کام کی جگہ فراہم کریں جہاں ملازمین اور مینیجرز کے درمیان واضح اور مثبت بات چیت ہو سکے، اور جن کا ماحول، پالیسیاں اور طریقۂ کار ملازمین کو صحت مند، مطمئن اور پُرجوش محسوس کرنے میں مدد دیں۔

سیکشن 04

ماحولیاتی گائیڈ لائنز

ماحول پر منفی اثرات کو کم کرنا اور وسائل کے ذمہ دارانہ استعمال کو فروغ دینا

ماحولیاتی قوانین کی پابندی

جہاں لاگو ہو، سپلائرز تمام ضروری ماحولیاتی پرمٹس کا رجسٹر رکھیں گے اور تمام ماحولیاتی پرمٹس اور قوانین پر عمل کریں گے۔ سپلائرز اپنے مقامِ کار پر سرگرمیوں کے جائزے کی بنیاد پر مقامی ماحول پر کسی بھی منفی اثر کو کم کرنے کی مسلسل کوشش کریں گے۔

ویسٹ مینجمنٹ

مینوفیکچرنگ سپلائرز

مینوفیکچرنگ سپلائرز کے پاس ویسٹ مینجمنٹ کی ایسی پالیسیاں اور پروگرامز ہوں گے جو ٹھوس فضلے، بشمول میٹیریل اور اشیاء سے پیدا ہونے والے فضلے، اور خطرناک فضلے میں کمی، استعمال، اسٹوریج، ٹرانسپورٹیشن اور ذمہ دارانہ تلفی کا احاطہ کریں۔ پالیسیوں اور پروگرامز کے ذریعے ہر قسم کے فضلے کی نشاندہی، پیمائش، مینجمنٹ اور کمی کی جائے، اور ایمرجنسی کی صورت کے لیے طریقۂ کار موجود ہو۔

پانی کا استعمال اور گندے پانی کی مینجمنٹ

مینوفیکچرنگ سپلائرز

مینوفیکچرنگ سپلائرز کے پاس واٹر مینجمنٹ کی پالیسیاں اور پروگرامز ہوں گے تاکہ صاف پانی کے استعمال کی پیمائش اور اس میں کمی کی جائے اور پانی کو دوبارہ استعمال اور ری سائیکل کیا جائے۔ مینوفیکچرنگ سپلائرز اپنی فیکٹریوں سے خارج ہونے والے گندے پانی کی پیمائش، مینجمنٹ اور کمی کریں گے، اخراج کے تمام قانونی تقاضے پورے کریں گے، اور انڈسٹری کے بہترین طریقوں کے مطابق پانی کے ذمہ دارانہ استعمال اور پانی، صفائی اور حفظانِ صحت (WASH) کے طریقوں میں مسلسل بہتری کے لیے کام کریں گے۔

فضائی اور گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کی مینجمنٹ

سپلائرز سے توقع ہے کہ اُن کے پاس انرجی مینجمنٹ کی پالیسیاں اور پروگرامز ہوں تاکہ اشیاء اور سروسز کی تیاری میں توانائی کے مجموعی استعمال اور انرجی انٹینسٹی میں کمی ہو۔ سپلائرز سے توقع ہے کہ وہ گرین ہاؤس گیس پروٹوکول کے مطابق گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج اور کاربن فٹ پرنٹ کی پیمائش اور مینجمنٹ کریں، اور درخواست پر انہیں ظاہر کریں۔ LS&Co. ایسے سپلائرز کے ساتھ کام کرنا چاہتا ہے جن کے کاربن کے اخراج میں کمی کے اہداف اور پیش رفت ہمارے اہداف سے ہم آہنگ ہوں۔

کیمیکل مینجمنٹ

مینوفیکچرنگ سپلائرز

LS&Co. ماحول میں خطرناک کیمیکلز کے صنعتی اخراج کو ختم کرنے کے ہدف کی حمایت کرتا ہے۔ جہاں متعلقہ ہو، مینوفیکچرنگ سپلائرز کے پاس خطرناک کیمیکلز کے لیے مناسب مینجمنٹ سسٹمز ہوں گے اور وہ ان کیمیکلز کا استعمال مرحلہ وار ختم کرتے رہیں گے۔

مینوفیکچرنگ سپلائرز کے پاس LS&Co. کی اشیاء کی مینوفیکچرنگ اور پروڈکشن میں استعمال ہونے والے کیمیکلز کے بارے میں معلومات ظاہر کرنے اور شفافیت کا نظام بھی ہوگا، اور وہ خطرناک کیمیکلز کے صفر اخراج (ZDHC) کی گائیڈ لائنز پر عمل کریں گے۔

سرکلیرٹی اور کلوزڈ لوپ پروڈکشن

مینوفیکچرنگ سپلائرز

LS&Co. ایسی پروڈکٹس بنانے پر توجہ دیتا ہے جن کا ماحول پر اثر کم سے کم ہو، جس میں کیمیکل، میٹیریل اور پرزوں کا فضلہ، پانی اور توانائی کا استعمال، اور فضائی اخراج شامل ہیں۔

ہم ایسے مینوفیکچرنگ سپلائرز کو فعال طور پر تلاش کرتے ہیں جن کے طریقۂ کار سرکلر ڈیزائن میں مدد دیں، پروڈکٹ میں استعمال ہونے والے میٹیریل سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھائیں، اور استعمال ختم ہونے پر پروڈکٹس کو فضلہ بننے سے بچائیں۔ ہم مینوفیکچرنگ سپلائرز کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ وہ کلوزڈ لوپ پروڈکشن کی بہترین دستیاب ٹیکنالوجی میں سرمایہ کاری کریں، اور ایسا کرنے والوں کے ساتھ ہم طویل مدتی کاروباری تعلقات قائم کریں گے۔

مینوفیکچرنگ سپلائرز کے لیے اضافی تقاضے

مینوفیکچرنگ سپلائرز

مینوفیکچرنگ سپلائرز LS&Co. کی لاگو سسٹین ایبلٹی اور سورسنگ پالیسیوں پر بھی عمل کریں گے، جو وقتاً فوقتاً اپ ڈیٹ ہوتی رہتی ہیں اور ہماری ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔

سیکشن 05

ہم سے رابطہ کریں

شکایت کیسے کریں، رازداری کے ساتھ اور انتقامی کارروائی کے خوف کے بغیر

ہم ہر اُس شخص کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں جسے SCoC کی کسی ممکنہ خلاف ورزی کا علم ہو کہ وہ .LS&Co کے EthicsPoint رپورٹنگ چینل کے ذریعے، یا ethicscomplianceteam@levi.com پر ای میل کر کے اس کی اطلاع دے۔

رپورٹ خفیہ طور پر بھی کی جا سکتی ہے۔ .LS&Co نیک نیتی سے شکایت کرنے والے کسی بھی شخص کے خلاف ہر قسم کی انتقامی کارروائی کی ممانعت کرتا ہے۔